# 05-05-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔روڈ ٹرانسپورٹ اور شاہراہوں کے مرکزی وزیر نتن گڈکری نے کہا کہ آئندہ تین تا چار سال کے دوران تلنگانہ میں دو لاکھ کروڑ روپے کے پراجکٹس تعمیر کیے جائیں گے۔انہوں نے آج شام بی ایچ ای ایل اور عنبر پیٹ فلائی اوورس کا افتتاح کیا۔

۲۔وزیر زراعت تو ملا ناگیشور راؤ نے کسانوں سے کہا ہے کہ وہ سائنٹفک معلومات کا استعمال کریں اور کھادوں اور جراثیم کش ادویات کا استعمال کم کریں۔

۳۔وزیر ٹرانسپورٹ پونم پربھاکر راؤ نے تلنگانہ اسٹیٹ روڈ ٹرانسپورٹ کارپوریشن کے ملازمین سے اپیل کی ہے کہ وہ ہڑتال پر نہ جائیں کیونکہ اس سے عوام کو مشکلات پیش آئیں گی۔

اور

۴۔دفتر موسمیات نے تلنگانہ میں آئندہ چار دن کے دوران تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ ہلکی تا اوسط بارش کی پیش قیاسی کی ہے۔

TUMMALA

ریاستی حکومت نے کسانوں کی دہلیز پر سائنسدان کے عنوان سے آج ایک پروگرام شروع کیا۔اس پروگرام کے تحت پروفیسر جئے شنکر تلنگانہ اسٹیٹ اگریکلچر یونیورسٹی کے سائنسدان اِس مہینہ کی 13 تاریخ تک دیہاتوں کا دورہ کرتے ہوئے جدید زرعی طریقہ کار کے بارے میں کسانوں میں بیداری پیدا کرنے کے لئے پروگرام منعقد کریں گے۔زراعت اور مارکیٹنگ کے وزیر تو ملا ناگیشور راؤ نے وقار آباد ضلع کے تھرور میں اِس پروگرام کا افتتاح کیا۔اسمبلی کے اسپیکر جی پرساد کمار اور رعیّتو کمیشن کے چیرمین کودنڈا ریڈی اس موقع پر موجود تھے۔اس موقع پر ناگیشور راؤ نے کسانوں پر زور دیا کہ وہ سائنسی معلومات کا استعمال کرتے ہوئے کاشتکاری کریں اور کھادوں اور جراثیم کش ادویات کے استعمال کو کم کریں۔انہوں نے کسانوں سے کہا کہ ہارٹیکلچر فصلوں پر توجہ دیں۔انہوں نے کہا کہ آئیل پام کی کاشتکاری سے کافی آمدنی حاصل ہوسکتی ہے۔انہوں نے مختلف اقسام کی فصلیں اگانے کی اہمیت پر زور دیا۔انہوں نے تیقن دیا کہ جن کسانوں کی فصلوں کو نقصان پہنچا ہے ان کو فصلوں کے انشورنس کی پالیسی کے تحت مدد فراہم کی جائے گی۔

BYTE TUMMALA

RVV

ریاستی حکومت نے کہا ہے کہ راجیو یوواو کاسم اسکیم سے استفادہ کیلئے سبیل اسکور ضروری ہے۔تلنگانہ میں نو جوانوں کو روزگار کی فراہمی کیلئے ریاستی حکومت نے یہ اسکیم شروع کیا ہے۔ چونکہ سبیل اسکور کو لازمی قرار دیا گیا ہے۔ان درخواست گزاروں کی درخواستیں مسترد کئے جانے کا اندیشہ ہے جنہوں نے پہلے قرض نہیں لئے تھے۔ حکومت نے اس اسکیم پر عمل آوری کے حصہ کے طور پر قرضوں کی تفصیلات جمع کرنے کیلئے اقدامات کئے ہیں۔اِس اسکیم کے تحت اب تک 16 لاکھ 25 ہزار افراد نے درخواستیں دی ہیں اوران میں سے 40 فیصد کی درخواستیں مسترد کئے جانے کا امکان ہے۔

SC - WAQF ACT

وقف ترمیمی قانون 2025ء کے دستوری جواز سے متعلق معاملہ کی سماعت سپریم کورٹ نے اس مہینہ کی 15 تاریخ تک ملتوی کردی ہے۔چیف جسٹس سنجیو کھنا،جسٹس سنجے کمار اور جسٹس کے وی وشواناتھن پر مشتمل بنچ نے اِس قانون کے دستوری جواز کو چیلنج کرتے ہوئے دائر کی گئی عرضیوں کی سماعت کی۔سماعت کے دوران چیف جسٹس نے کہا کہ انہوں نے جوابی حلف نامہ کا تفصیلی مطالعہ نہیں کیا ہے۔جسٹس کھنا نے کہا کہ وہ یہ معاملہ اگلے چیف جسٹس بی آر گوائی کی بنچ کے سامنے رکھیں گے۔ جسٹس گوائی اس مہینہ کی 14 تاریخ کو چیف جسٹس کی حیثیت سے جائزہ لیں گے۔

RTC - PONNAM

وزیر ٹرانسپورٹ پونم پربھاکر راؤ نے تلنگانہ اسٹیٹ روڈ ٹرانسپورٹ کارپوریشن کے ملازمین سے اپیل کی ہے کہ وہ ہڑتال پر نہ جائیں کیونکہ اس سے عوام کو مشکلات پیش آئیں گی۔ ٹی جی ایس آر ٹی سی کے ملازمین کی یونینوں کے قائدین نے آج وزیر ٹرانسپورٹ سے ملاقات کرتے ہوئے اپنے مسائل سے انہیں واقف کروایا۔وزیر ٹرانسپورٹ نے کہا کہ حکومت ان کے مسائل حل کرنے کے لئے تیار ہے۔ انہوں نے ملازمین پر زور دیا کہ وہ 6 مئی سے ہڑتال پر جانے کا فیصلہ واپس لیں۔پونم پربھاکر نے کہا کہ آر ٹی سی ابھی ابھی نقصانات پر قابو پارہی ہے اور مسائل کو حل کیا جارہا ہے۔انہوں نے یونین لیڈروں سے کہا کہ سابقہ بی آر ایس حکومت نے 10 سال تک آر ٹی سی کو نظرانداز کیا۔اس نے نہ تو ایک بھی نئی بس خریدی اور نہ ہی کوئی ملازمت فراہم کی۔ پونم پربھاکر نے کہا کہ کانگریس حکومت کے برسراقتدار آنے کے بعد اس نے آر ٹی سی ملازمین کو جاری کئے گئے بانڈس کے لئے 400 کروڑ روپے ادا کئے۔اس نے پی ایف کے بقایاجات کی ادائیگی کیلئے ایک ہزار 39 کروڑ روپے اور سی سی ایس کے بقایاجات کیلئے 345 کروڑ روپے خرچ کئے۔ وزیر ٹرانسپورٹ نے بتایا کہ ہمدردانہ بنیاد پر ایک ہزار 500 تقررات کئے گئے اور تین ہزار 38 نئی ملازمتوں کو منظوری دی گئی۔

GADKARI - ROADS

روڈ ٹرانسپورٹ اور شاہراہوں کے مرکزی وزیر نتن گڈکری نے آج تلنگانہ کے سرپور کاغذنگر میں 3900 کروڑ روپے مالیت کے پراجکٹس کا سنگ بنیاد رکھا یا ان کا افتتاح انجام دیا۔ اِس موقع پر گڈکری نے کہا کہ آئندہ تین تا چار سال کے دوران تلنگانہ میں دو لاکھ کروڑ روپے کے پراجکٹس تعمیر کئے جائیں گے۔ ان پراجکٹس سے کوتہ گوڑم اور ملگو جیسے دور دراز کے مقامات سے حیدرآباد کو سڑک کا رابطہ بہتر ہوگا۔ گڈکری نے کہا کہ سوریہ پیٹ سے دیور پلی تک گرین فیلڈ ہائی وے تعمیر کیا جائے گا۔ اسی طرح ناکپور سے وجئے واڑہ کوریڈور کی تعمیر جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھدراچلم، باسر اور میڈارم جیسے روحانی مقامات کو قومی شاہراہوں کے ذریعہ جوڑا جائے گا۔ انہوں نے اعلان کیا کہ جگتیال۔ کریم نگر شاہراہ کا توسیعی کام جلد شروع ہوگا۔ گڈکری نے کہا کہ اندور۔ حیدرآباد شاہراہ آئندہ سال مارچ تک مکمل کرلی جائے گی۔ سورت۔ ناسک۔ کرنول۔ حیدرآباد۔ چینائی۔ تروانت پورم گرین فیلڈ ہائی وے اپریل 2026ء تک مکمل ہو جائے گی۔

Byte

اس موقع پر مرکزی وزیر کوئلہ و کانکنی جی کشن ریڈی نے کہا کہ مرکزی حکومت کی مسلسل کوششوں کی وجہ سے ریاست کے 33 میں سے 32 اضلاع ریاستی دارالحکومت سے شاہراہوں کے ذریعہ جوڑ دئے گئے ہیں۔ مرکزی مملکتی وزیر داخلہ بنڈی سنجے کمار نے بتایا کہ گزشتہ 10 سال کے دوران مرکز نے شاہراہوں کی ترقی کیلئے ایک لاکھ 25 ہزار کروڑ روپے خرچ کئے۔

GADKARI - HYDERABAD

روڈ ٹرانسپورٹ اور شاہراہوں کے مرکزی وزیر نتن گڈکری نے آج شام حیدرآباد میں اور اس کے اطراف ایک ہزار 500 کروڑ روپے کی مالیت کے مختلف ہائی وے پراجکٹس کا افتتاح کیا یا ان کا سنگ بنیاد رکھا۔ ان پراجکٹس میں بی ایچ ای ایل اور عنبر پیٹ میں فلائی اوور اور آرام گھر اور شمس آباد کے درمیان سگنل فری 6 لین کی شاہراہ شامل ہے۔ نتن گڈکری آج شام عنبر پیٹ میں ایک جلسہ عام سے خطاب کریں گے۔ اس سے قبل انہوں نے شمس آباد کے قریب کنہا شانتی ونم میں ہارٹ فلنس اور پے پال کے بائیو چار سنٹر آف ایکسلنس کا افتتاح کیا۔ اس سنٹر کا مقصد دیہاتوں میں تاجروں کو ہنرمند بنانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس اقدام سے کسانوں کو جدید زرعی تکنالوجی اور کاشتکاری کی معلومات فراہم کی جاسکیں گی۔ اس موقع پر ہارٹ فلنس انسٹیٹیوٹ کے صدر اور بانی کملیش پٹیل اور پے پال کے سینئر ڈائرکٹر ناتھ پرمیشورن موجود تھے۔

RAIN

دفتر موسمیات نے تلنگانہ میں آئندہ چار دن کے دوران تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ ہلکی تا اوسط بارش کی پیش قیاسی کی ہے۔عادل آباد، کمرم بھیم  آصف آباد، منچر یال، نرمل، نظام آباد، کریم نگر، پدا پلی، جۓ شنکر بھوپال پلی، ملگو، بھدرادری کوتہ گوڑم، کھمم، نلگنڈہ، سوریہ پیٹ، محبوب آباد، ورنگل، ہنمکنڈہ، جنگاؤں، سدی پیٹ اور یددادری بھونگیری اضلاع کیلئے آرینج الرٹ جاری کیا گیا ہے۔باقی اضلاع کیلئے ایلو الرٹ جاری کیا گیا ہے۔گریٹر حیدرآباد کے علاقہ میں آئندہ 48 گھنٹوں کے دوران مطلع جزوی طور پر ابر آلود رہ سکتا ہے۔بعض علاقوں میں تیز ہواؤں کے ساتھ ہلکی تا اوسط بارش کا امکان ہے۔بارش کی وجہ سے کئی علاقوں میں اعظم ترین درجہ حرارت میں کمی آئی ہے۔

BANDI

مرکزی مملکتی وزیر داخلہ نے کانگریس پارٹی پر تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ اسی نے نکسلائٹس پر پابندی عائد کی تھی اور اب وہ نکسلائٹس کے ساتھ مذاکرات کا مطالبہ کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس سے کانگریس پارٹی کا دوہرا معیار ظاہر ہوتا ہے۔ راما گنڈم میں میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں  نے کہا کہ نکسلائٹس کے مسئلہ کو سیاسی زاویہ سے ہی دیکھنا افسوسناک ہے جبکہ وہ بے گناہوں کو قتل کر رہے ہیں۔انہوں نے واضح کیا کہ نکسلائٹس کے ساتھ مذاکرات کا سوال ہی نہیں ہے۔انہوں نے کہا کہ نکسلائٹس کو تشدد کرتے ہوئے ہتھیار ڈالنے ہوں گے۔بنڈی سنجے نے کہا کہ تلنگانہ میں کانگریس نے ذات پات کی مردم شماری نہیں کی بلکہ صرف ایک سروے کیا ہے جبکہ مودی حکومت آبادی کی مردم شماری کی طرح تفصیلی ذات پات کی مردم شماری کرے گی۔